سوال

(240) کیا چیخ و پکار کر کے دوسروں کو رلانا نوحہ ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعض عورتیں جب میت والوں کے گھر میں تعزیت کےلیے جاتی ہیں تو وہ چیخ و پکار کرتی ہیں اور ایسا کرکے تمام حاضرین کو رلادیتی ہیں کیا ان کا یہ عمل نوحہ میں شمار ہوگا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں بلا شبہ یہ نوحہ سے ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نوحہ کرنے والی اور سننے والی پر لعنت فرمائی لہٰذا اس عورت کےلیے یہ عمل حلال نہیں ہے اور میت والوں کو بھی یہ حلال نہیں ہے کہ وہ اس عورت کو ایسا کرنے کی اجازت دیں ان پر واجب ہے کہ جب وہ اس نوحہ والے عمل کو مسلسل جاری رکھے تو وہ اس کو گھر سے نکال دیں۔ (فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح العثیمین رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کےلیے صرف

صفحہ نمبر 225

محدث فتویٰ